PR NO27

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب نے پروٹیکٹر یٹ آف امیگرانٹس کے خلاف شکایات کا ازخود نوٹس لے لیا

وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم آج پروٹیکٹر یٹ آف امیگرانٹس آفس راولپنڈی کا دورہ کرے گی

اسلام آباد( ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پروٹیکٹر یٹ آف امیگرانٹس کے خلاف بدانتظامی کی شکایات کا ازخود نوٹس لیتے ہوئے وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے سینئر ایڈوائزر احمد فاروق کی سربراہی میں ایک معائنہ ٹیم تشکیل دی ہے جو آج (بدھ) کو پروٹیکٹر یٹ آف امیگرانٹس، رحمٰن آباد، راولپنڈی کا دورہ کرے گی۔ واضح رہے کہ وفاقی محتسب نے پروٹیکٹر یٹ آف امیگرانٹس آفس کے خلاف بدانتظامی بشمول بیرون ملک جانے والے پاکستانیوں کے سفر میں رکاوٹیں اور پروٹیکٹر اسٹیمپ لگانے میں تاخیر نیز ایجنٹوں کی دخل اندازی سے متعلق بڑی تعداد میں شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے یہ معائنہ ٹیم تشکیل دی ہے جو دورہ کے دوران ان شکایات کا جائزہ لے گی اور ان کے حل کے لئے تجاویز پر مبنی اپنی رپورٹ وفاقی محتسب کو پیش کرے گی۔ سینئر ایڈوائزر کی سربراہی میں یہ ٹیم آج پروٹیکٹر یٹ آف امیگرانٹس آفس، رحمٰن آباد راولپنڈی کے دورے کے دوران موقع پر موجود افراد کی شکایات بھی سنے گی اور پروٹیکٹر یٹ آف امیگرانٹس انتظامیہ سے مل کر ان کا قابل عمل حل تلاش کرے گی۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

11 جون 2024ء